بی ایڈ جنرل/بی ایڈ عربی

# پراسپیکٹس




## شعبہ ارلی چائلڈ ہڈ ایجوکیشن اینڈ ایلیمنٹری ٹیچر ایجوکیشن

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

# اسے ضرور پڑھیے

جاری طلباء وطالبات کو اگر دوسرے سمسٹر کا داخلہ فارم موصول نہ ہو تو انہیں چاہیئے کہ کسی بھی ریجنل سنٹر سے جاری طلبہ کا فارم حاصل کریں یا انٹرنیٹ سے ڈاؤن لوڈ کر لیں۔ مقررہ تاریخ کے اندر داخلہ فارم، فیس کے ساتھ بینک میں جمع کرا دیں۔ فارم پر اپنا رول نمبر/ رجسٹریشن نمبر ضرور تحریر کریں۔

# ضروری تاکید

اگر آپ کی رجسٹریشن علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے کسی بھی پروگرام میں پہلے ہو چکی ہے تو دوبارہ رجسٹریشن نہ کروائیں اور پہلے والا رجسٹریشن نمبر درج کریں بصورت دیگر آپ کا داخلہ منسوخ ہو سکتا ہے۔

# سمسٹر شیڈول

| نمبر شمار | سرگرمی | سمسٹر بہار | سمسٹر خزاں |
|---|---|---|---|
| 1 | داخلہ | فروری ۔ مارچ | اگست ۔ ستمبر |
| 2 | ترسیل کتب | مئی ۔ جون | نومبر ۔ دسمبر |
| 3 | مطالعہ کی مدت | جون ۔ ستمبر | دسمبر ۔ مارچ |
| 4 | امتحانات | نومبر ۔ دسمبر | مئی ۔ جون |
| 5 | نتائج | جنوری ۔ فروری | جولائی ۔ اگست |

**نوٹ:** شیڈول کی مقررہ کردہ تاریخوں کی معلومات کے لئے یونیورسٹی کی ویب سائٹ www.aiou.edu.pk ملاحظہ کریں۔

1- یونیورسٹی کے داخلے سال میں دو مرتبہ ہوتے ہیں:

سمسٹر بہار کے داخلے ماہ فروری کے دوران ہوتے ہیں اور سمسٹر خزاں کے داخلے ماہ اگست کے دوران ہوتے ہیں۔

2- اگر آپ سمسٹر بہار (فروری) میں پہلا داخلہ لے رہے ہیں تو دوسرے سمسٹر خزاں کی داخلہ فیس (اگست) میں جمع کروانا ہوگی۔

3- اگر آپ سمسٹر خزاں (اگست) میں پہلا داخلہ لے رہے ہیں تو دوسرے سمسٹر بہار کی داخلہ فیس (فروری) میں جمع کروانا ہوگی۔

4- کسی بھی سمسٹر میں داخل طالب علم کو جاری طلبہ **(Continuing Student)** کہا جاتا ہے۔ان جاری طلبہ **(Continuing Student)** کو اگلے سمسٹر کے لیے کمپیوٹرائزڈ داخلہ فارم بذریعہ ڈاک بھجوائے جاتے ہیں جو کہ مجوزہ فیس کے ساتھ مقررہ تاریخوں کے دوران منظور شدہ بنکوں میں جمع کروانا ہوتے ہیں۔

5- اگر کسی طالب علم کو کمپیوٹرائزڈ داخلہ فارم نہ ملے تو یونیورسٹی کی ویب سائٹ **(www.aiou.edu.pk)** سے جاری طلبہ کا داخلہ فارم ڈاؤن لوڈ کر کے اُوپر دیئے گئے مہینوں کے دوران طریقہ کار کے مطابق فیس اور داخلہ فارم بنک میں جمع کروائیں۔بصورت دیگر یونیورسٹی پر داخلہ کی ذمہ داری نہ ہوگی۔

پراسپیکٹس/داخلہ فارم نمبر

..............................

# پراسپیکٹس

سمسٹر: خزاں 2015ء

## بی ایڈ (جنرل)/بی ایڈ (عربی) پروگرام

## *B.Ed. (General), B.Ed. (Arabic) Programme*

شعبہ ارلی چائلڈ ھڈ ایجوکیشن اینڈ ایلیمنٹری ٹیچر ایجوکیشن، کلیہ تعلیم/شعبۂ عربی، کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ

## علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

قیمت-/300روپے

(جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں)


| | | |
|---|---|---|
| سمسٹر | ............................................ | خزاں 2015ء |
| اشاعت اول | ............................................ | 2015ء |
| تعداد اشاعت | ............................................ | ________ |
| قیمت | ............................................ | -/300 روپے |
| کمپوزنگ | ............................................ | محمد ظہیر |
| طابع | ............................................ | علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد |
| ناشر | ............................................ | علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد |

# فہرست


| | | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| -1 | یونیورسٹی کا قیام اور پس منظر | 5 |
| -2 | فاصلاتی طریقہ تدریس | 6 |
| -3 | بی ایڈ جنرل پروگرام | 7 |
| | -3.1 بی ایڈ جنرل پروگرام میں داخلے کی شرائط | 7 |
| | -3.2 بی ایڈ جنرل پروگرام کے سمسٹرز اور کورسز | 7 |
| -4 | بی ایڈ عربی پروگرام | 9 |
| | -4.1 بی ایڈ (عربی) میں داخلے کی شرائط | 9 |
| | -4.2 ہائر ایجوکیشن کمیشن کی طرف سے منظور شدہ وفاقات و جامعات | 9 |
| | -4.3 بی ایڈ (عربی) پروگرام کے سمسٹرز اور کورسز | 9 |
| | -4.4 عملی تربیت (ورکشاپ) کی تفصیل | 10 |
| -5 | ضروری ہدایات | 12 |
| -6 | طریقہ امتحان | 12 |

| | | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| -7 | امتحانی مشقیں | 13 |
| -8 | فیس کی شرح | 13 |
| -9 | فیس اور داخلہ فارم جمع کرانے کا طریقہ | 14 |
| -10 | فیس واپسی کے قواعد وضوابط | 14 |
| -11 | اہم شعبوں کے پتہ جات | 14 |
| -12 | عمومی معلومات | 16 |
| -13 | ریجنل کوارڈینیٹرز کے پتہ جات | 18 |

# 1- یونیورسٹی کا قیام اور پس منظر

السلام علیکم! عزیز طالب علم

آپ اس حقیقت سے تو بخوبی واقف ہوں گے کہ تعلیم کی اہمیت وضرورت ہمیشہ سے رہی ہے لیکن آج کے دور میں، قوموں کی نہ صرف ترقی بلکہ ان کی بقاء وسلامتی کے لیے تعلیم کی ضرورت مزید بڑھ گئی ہے جبکہ پاکستان جیسا ملک جس کا رقبہ تقریباً 310,403 مربع میل ہے اور جس کے شمال و مغرب میں پھیلے پہاڑی سلسلے اور جنوب ومشرق میں بڑے میدانی علاقے ہیں۔ ان تمام علاقوں میں یکساں تعلیمی سہولتیں بہم پہنچانا بہت مشکل ہے۔ پھر بھی پاکستان میں تعلیم کو عالمی سطح پر لانے کے لیے ہر ممکن کوشش کی گئی۔ لیکن آبادی کے تقریباً 62 فیصد حصے کا دیہاتی علاقوں میں دور دور کے مقامات پر بکھرا ہوا ہونے اور آبادی میں تیزی سے اضافے کے باعث یہ کوششیں بارآور ثابت نہ ہوسکیں۔ کیونکہ آبادی میں اضافے کے ساتھ طلبہ کی تعداد بڑھ گئی اور ان طلبہ کے لیے زیادہ سکول اور زیادہ اساتذہ کی ضرورت پیش آئی۔ اسی طرح کی کئی وجوہات کی بنا پر ہمارا رسمی تعلیمی نظام، اساتذہ کی درکار تعداد کو پورا نہ کرسکا، جس کی وجہ سے 1972ء کی تعلیمی پالیسی میں فاصلاتی تعلیمی ادارہ قائم کرنے کی تجویز پیش کی گئی۔ لہٰذا مئی 1974ء میں پارلیمنٹ کے ایکٹ نمبر XXXIX کے تحت ایشیاء وافریقہ کی پہلی اور دنیا کی دوسری اوپن یونیورسٹی، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد میں قائم کی گئی۔

اس یونیورسٹی کی پہلی باقاعدہ تعلیمی پیش کش پرائمری اساتذہ کا تجدیدی کورس تھا۔ جبکہ اس وقت یونیورسٹی خواندگی بنیادی تعلیم سے لے کر پی ایچ ڈی سطح تک کے پروگراموں میں اعلیٰ اور معیاری تعلیم فراہم کر رہی ہے اور اس کے تعلیمی پروگراموں کی تعداد ایک ہزار سات سوستر (1770) اور مضامین کی تعداد دو ہزار سات سو اڑتیس (2738) سے بڑھ چکی ہے اور اس وقت اس کا شمار دنیا کی دس بڑی فاصلاتی وغیر رسمی تعلیم کی یونیورسٹیوں میں ہوتا ہے۔ اساتذہ اور ماہرین کی شبانہ روز محنت سے علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی میں اپنے قیام کے 41 سالوں میں طلبہ کی تعداد 13 لاکھ سے تجاوز کر چکی ہے۔

یونیورسٹی کے تعلیمی معیار کو برقرار رکھنے کے لئے مرکزی کیمپس کے علاوہ 43 علاقائی کیمپس/سنٹرز، 120 جز وقتی ریجنل کوارڈ نیٹرز اور تقریباً 1172 جز وقتی مطالعاتی مراکز مختلف شہروں میں کام کر رہے ہیں۔

علاوہ ازیں یونیورسٹی کی طرف سے 45 کل وقتی مطالعاتی مراکز بھی قائم کئے گئے ہیں۔ جہاں پرایم بی اے (آئی ٹی)، بینکنگ اور فنانس، بی ایس (سی ایس)، کے طلبہ کو بالمشافہ رہنمائی بھی مہیا کی جاتی ہے۔

اس یونیورسٹی کی اہم ترین خصوصیت یہ ہے کہ اس کا تعلق کسی خاص علاقے سے نہیں بلکہ اس کا دائرہ کار پورے پاکستان کے طول وعرض میں ہے۔ ہر وہ فرد جو بی ایڈ پروگرام میں داخلے کی شرائط کو پورا کرتا ہو، اسی پروگرام میں داخلہ لے سکتا ہے۔ یونیورسٹی اپنے تعلیمی پروگرام کو چار بڑے کلیوں میں پیش کرتی ہے۔

1- کلیہ تعلیم
2- کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ
3- کلیہ بنیادی سائنسز
4- کلیہ سوشل سائنسز

یونیورسٹی کا کلیہ تعلیم اپنے پروگرام درج ذیل شعبوں میں پیش کرتا ہے۔

1- شعبہ ارلی چائلڈ ہڈ ایجوکیشن اینڈ ایلیمنٹری ٹیچر ایجوکیشن
2- شعبہ سکینڈری ٹیچر ایجوکیشن
3- شعبہ فاصلاتی، غیر رسمی وجاریہ تعلیم
4- شعبہ خصوصی تعلیم
5- شعبہ ایجوکیشنل پلاننگ، پالیسی سٹڈی اینڈ لیڈرشپ
6- شعبہ سائنسی تعلیم

شعبہ ارلی چائلڈ ہڈ ایجوکیشن اینڈ ایلیمنٹری ٹیچر ایجوکیشن طلبہ کی تعداد کے لحاظ سے نہ صرف کلیہ تعلیم، بلکہ تمام یونیورسٹی میں سب سے بڑا شعبہ ہے جس میں درج ذیل تعلیمی پروگرام پیش کیے جاتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| 1- پی ٹی سی | 2- سی ٹی |
| 3- بی ایڈ | 4- ایسوسی ایٹ ڈگری ان ایجوکیشن (دوسالہ) |
| 5- علم التعلیم میٹرک | 6- علم التعلیم ایف اے |
| 7- علم التعلیم بی اے | |

ان تمام پروگرامز کے ذریعے اساتذہ کی پیشہ ورانہ نمو اور جدید تقاضوں کے مطابق تربیت کرنے کے ساتھ ساتھ شعبہ ہذا مسلسل نئے کورسز تیار کرنے اور پرانے کورسز کی تجدید کے کام میں بھی مصروف رہتا ہے۔

شعبہ کی طرف سے مستقبل میں درج ذیل نئے پروگرام بھی پیش کئے جائیں گے۔

1- پوسٹ گریجوئٹ ڈپلومہ اِن ارلی چائلڈ ہڈ ایجوکیشن (1 سالہ)
2- ایسوسی ایٹ ڈگری اِن ایجوکیشن (1 سالہ) دوران ملازمت تربیت اساتذہ
3- ایسوسی ایٹ ڈگری اِن ایجوکیشن (2 سالہ) دوران ملازمت تربیت اساتذہ
4- بی ایڈ، ایلیمنٹری ٹیچر ایجوکیشن (چارسالہ)
5- ایم اے، ایلیمنٹری ٹیچر ایجوکیشن
6- ایم ایڈ، ایلیمنٹری ٹیچر ایجوکیشن (1 سالہ)
7- ایم فل، ایلیمنٹری ٹیچر ایجوکیشن
8- پی ایچ ڈی، ایلیمنٹری ٹیچر ایجوکیشن

# 2- فاصلاتی طریقہ تدریس

اس طریقۂ تعلیم میں استاد اور طالب علم ایک دوسرے سے فاصلے پر ہوتے ہیں۔ تدریسی کتب اور دوسرا تعلیمی مواد طلبہ کو بذریعہ ڈاک ارسال کیا جاتا ہے۔ تعلیمی مواد آسان اور قابل فہم زبان میں تحریر کیا جاتا ہے۔ طلبہ کی رہنمائی کے لیے ضروری اشکال اور اعادے کی مشقیں بھی دی جاتی ہیں۔ اس بات کی پوری کوشش کی جاتی ہے کہ طالب علم کسی بیرونی امداد کے بغیر از خود کورس کا مطالعہ کر سکے اور اسے آسانی سے سمجھ سکے۔ درسی مواد مختلف یونٹوں میں تقسیم ہوتا ہے۔ عموماً ایک یونٹ میں کسی ایک موضوع پر سیر حاصل بحث کی جاتی ہے۔ ایک یونٹ سے مراد ایک ہفتے کا کام ہے۔ روزانہ دو گھنٹے کام کر کے ایک یونٹ کو بارہ گھنٹوں میں مکمل کیا جا سکتا ہے۔ طلبہ کی سہولت کے لیے یونٹوں سے متعلق تعلیمی مواد پر مشتمل ریڈیو اور ٹی وی پروگرام شیڈول کے مطابق نشر کیے جاتے ہیں تاکہ طلبہ کورس میں موجود مواد کے مفہوم کو زیادہ بہتر طور پر سمجھ سکیں۔ مرکزی مقامات پر ٹیوٹوریل کا انتظام بھی ہوتا ہے۔ جہاں مقررہ تاریخوں پر ٹیوٹر طلبہ کی رہنمائی اور امداد کے لیے موجود ہوتے ہیں۔ پورے کورس کے دوران طالب علم اپنے استاد (ٹیوٹر) کے ساتھ رابطہ رکھتا ہے۔ یہ رابطہ ایک تو مطالعاتی مراکز میں حاضری کے ذریعے اور دوسرے خط و کتابت یا جدید برقیاتی ابلاغ عامہ کے ذریعے ہوتا ہے۔

یونیورسٹی کے کچھ کورس مکمل کریڈٹ اور کچھ نصف کریڈٹ کے حامل ہیں۔ نصف کریڈٹ کورس ایک سے نو یونٹوں پر اور مکمل کریڈٹ کورس ایک سے اٹھارہ یونٹوں پر مشتمل ہوتے ہیں۔ سمسٹر کے اختتام پر ہونے والے امتحان کے علاوہ ہر طالب علم کو سمسٹر کے دوران مکمل کریڈٹ کے کورس کے لیے چار اور نصف کریڈٹ کورس کے لیے دو امتحانی مشقیں حل کر کے اپنے ٹیوٹر کو بھیجنا ہوتی ہیں۔ یہ مشقیں کتابوں کے ساتھ ہی ہر طالب علم کو ارسال کر دی جاتی ہیں ان مشقوں کو حل کرنے کی تاریخیں پہلے سے مقرر ہوتی ہیں اور طالب علم کو ان تاریخوں کے اندر مشقیں حل کر کے اپنے ٹیوٹر کو بذریعہ ڈاک ارسال کرنا ہوتی ہیں۔

نوٹ: ہر سمسٹر کے اختتام پر تمام مضامین کا امتحان ہوتا ہے جس میں کامیابی کے لیے مجموعی طور پر چالیس فیصد (40%) نمبر درکار ہوتے ہیں۔

# 3- بی ایڈ جنرل پروگرام

عزیز طلبہ و طالبات!

ہم آپ کو علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی میں تربیت اساتذہ کے ایک سالہ بی ایڈ پروگرام میں داخلے کا انتخاب کرنے پر خوش آمدید کہتے ہیں۔ بی ایڈ پروگرام پوسٹ گریجویٹ سطح کا پروگرام ہے، اس پروگرام کا ایک اہم مقصد تو یہ ہے کہ

- پرائمری اور سکینڈری سکولوں کے اساتذہ کا تدریسی معیار بڑھانے کے لیے تقویتی فاصلاتی مواد، جدید برقیاتی ابلاغِ عامہ کے ذریعے استعمال کیا جائے اور اس پروگرام کا دوسرا اہم مقصد یہ ہے کہ
- کمرۂ جماعت میں ریڈیو براڈ کاسٹ، آڈیو کیسٹ، ویڈیو کیسٹ اور ٹیلی ویژن وغیرہ کے استعمال سے تدریس کا معیار بڑھایا جائے۔

بی ایڈ پروگرام کے تحت ثانوی سطح تک پڑھانے کے لیے گریجویٹ طلبہ کو تربیت دی جاتی ہے۔ اس سطح پر پڑھانے کے خواہش مند افراد فاصلاتی طریقہ تعلیم سے فائدہ اٹھا کر اپنی تدریسی قابلیت میں اضافہ کر سکتے ہیں۔ سمسٹر خزاں 2014ء میں بی۔ایڈ کے طلبہ کی تعداد ایک لاکھ سات ہزار کے لگ بھگ تھی۔ ایک سالہ بی ایڈ پروگرام چھ مکمل کریڈٹ پر مشتمل ہے اور اس کی تکمیل کے لیے دو سمسٹر درکار ہیں۔ پہلے سمسٹر میں نصف کریڈٹ کے چھ لازمی مضامین اور دوسرے سمسٹر میں مکمل کریڈٹ کے دو اختیاری مضامین اور ایک کریڈٹ کی عملی ورکشاپ (دو ہفتہ)، تدریسی مشق (چار ہفتہ) اور دو فائنل اسباق شامل ہیں۔

## 3.1- بی ایڈ جنرل پروگرام میں داخلے کی شرائط

سیکنڈ ڈویژن (45%) بی اے/ بی ایس سی/ بی کام/ بی بی اے

نوٹ: درج بالا شرائط پر پورا اترنے والے امیدوار اپنے داخلہ فارم مع فیس و تصدیق شدہ اسناد، کسی بھی نامزد بینک برانچ کے توسط سے شعبۂ داخلہ علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کو ارسال کریں۔

معیار پر پورا نہ اترنے والے امیدوار داخلہ فارم/فیس جمع نہ کروائیں۔

**ایسی صورت میں 25% کٹوتی کے بعد فیس واپس کی جائے گی۔**

## 3.2- بی ایڈ جنرل پروگرام کے سمسٹرز اور کورسز

بی ایڈ جنرل دو سمسٹرز پر مشتمل پروگرام ہے۔

بی ایڈ جنرل پروگرام مکمل کرنے کے لیے ہر طالب علم کو پہلے سمسٹر میں نصف کریڈٹ کے چھ لازمی اور دوسرے سمسٹر میں مکمل کریڈٹ کے دو اختیاری مضامین لینا ہوتے ہیں۔ ان کے علاوہ مکمل کریڈٹ کی عملی ورکشاپ/ تدریسی مشق اور فائنل اسباق بھی پروگرام کا لازمی حصہ ہیں۔ داخلے کے لئے مضامین کا انتخاب مجوزہ پروگرام کے دو سمسٹرز سے کرنا ہوتا ہے۔ آپ کے لیے لازمی اور اختیاری مضامین کا اصولی خاکہ پیش کیا جا رہا ہے۔

### (i) پہلا سمسٹر: خزاں (اگست)

| نمبر شمار | کورس | کوڈ نمبر | کریڈٹ |
|---|---|---|---|
| -1 | تناظراتِ تعلیم | 512 | نصف کریڈٹ کورس لازمی |
| -2 | نظم و نسق مدرسہ | 513 | نصف کریڈٹ کورس لازمی |
| -3 | جائزہ رہنمائی اور تحقیق | 514 | نصف کریڈٹ کورس لازمی |
| -4 | تعلیمی نفسیات اور نصاب | 518 | نصف کریڈٹ کورس لازمی |
| -5 | انگریزی لازمی | 651 | نصف کریڈٹ کورس لازمی |
| -6 | اسلام، پاکستان اور جدید دنیا | 652 | نصف کریڈٹ کورس لازمی |

نوٹ: یونیورسٹی ہذا میں پہلے سے رجسٹرڈ طلباء بی۔ایڈ جنرل پروگرام میں اپنا رجسٹریشن نمبر متعلقہ جگہ پر درج کریں۔

## (ii) دوسرا سمسٹر: بہار (فروری)

دوسرے سمسٹر میں طلبہ کو دو اختیاری مضامین اور عملی ورکشاپ کورس کوڈ 655 میں داخلہ لینا ہوتا ہے۔ صرف بی ایس سی ڈگری کے حامل طلبہ سائنس گروپ میں داخلہ کے اہل ہیں۔

### آرٹس گروپ

| نمبر شمار | مضامین/کورسز | کریڈٹ | کوڈ نمبر |
|---|---|---|---|
| 1 | عملی ورکشاپ | مکمل | 655 |
| | اختیاری کورسز (کسی دو کورسز کا انتخاب کیا جا سکتا ہے) | | |
| 1 | تدریس مطالعہ پاکستان | مکمل | 517 |
| 2 | تدریس انگریزی | مکمل | 519 |
| 3 | تدریس اسلامیات | مکمل | 654 |
| 4 | تدریس جنرل سائنس | مکمل | 657 |
| 5 | تدریس اردو | مکمل | 658 |

### سائنس گروپ

(صرف سائنس گریجویٹس کے لیے)

| نمبر شمار | مضامین/کورسز | کریڈٹ | کوڈ نمبر |
|---|---|---|---|
| 1 | عملی ورکشاپ | مکمل | 655 |
| | اختیاری کورسز (کسی دو کورسز کا انتخاب کیا جا سکتا ہے) | | |
| 1 | تدریس بیالوجی | مکمل | 520 |
| 2 | تدریس کیمسٹری | مکمل | 653 |
| 3 | تدریس فزکس | مکمل | 656 |
| 4 | تدریس جنرل سائنس | مکمل | 657 |
| 5 | تدریس ریاضی | مکمل | 661 |

**نوٹ:**

دوسرے سمسٹر کے داخلے شروع ہونے پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی طرف سے جاری طلبہ کو کمپیوٹرائزڈ فارم ان کے دیئے گئے پتہ پر بھجوائے جاتے ہیں۔ کسی وجہ سے فارم نہ ملے تو طالب علم کو اپنے ریجنل آفس سے رابطہ کر کے یا ویب سائیٹ سے جاری طلبہ کے لیے داخلہ فارم (Continued Admission Form) کا پرنٹ لے کر داخلہ بھجوانا ہوگا۔ **داخلہ فارم نہ ملنے کی عذر داری قابل قبول نہ ہوگی۔** داخلہ فارم نہ بھجوانے کی صورت میں طالب علم اس سمسٹر میں داخلہ سے محروم ہو سکتے ہیں۔ پھر یہ کورس ایک سال کے بعد پیش کیے جائیں گے۔

عملی ورکشاپ اور تدریسی مشق کورس 655 مکمل کورس ہے اور دوسرے سمسٹر کے دو اختیاری مضامین کے مطالعہ کے ساتھ ہی عملی ورکشاپ اور تدریسی مشق میں شرکت کی جا سکتی ہے۔


پروگرام کوآرڈینیٹر:

مسز بشریٰ شاہین

فون نمبر: 051-9057703

چیئرمین

شعبہ ارلی چائلڈ ہڈ ایجوکیشن اینڈ ایلیمنٹری ٹیچر ایجوکیشن

پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود

051-9057718 051-9057719

# 4- بی ایڈ (عربی) پروگرام

کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ کے درج ذیل پانچ شعبہ جات ہیں۔

1- شعبہ قرآن وتفسیر
2- شعبہ حدیث وسیرت
3- شعبہ عربی زبان وادب
4- شعبہ فقہ اسلامی (Islamic Law)
5- شعبہ تاریخ وتمدن وفکر اسلامی

بی ایڈ عربی کا پروگرام شعبہ عربی زبان وادب پیش کرتا ہے۔

## بی ایڈ (عربی) پروگرام کے مقاصد

یہ کورسز خصوصیت کے ساتھ ان اساتذہ کے لیے تیار کئے گئے ہیں جو اس یونیورسٹی سے ATTC کر چکے ہیں اور بی۔اے یا اس کے مساوی سند کے حامل ہیں اور عربی پڑھانے میں مزید معلومات اور مہارت حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ یہ پروگرام عرب یونیورسٹیوں کے نصاب کو سامنے رکھ کر تیار کیا گیا ہے۔ اس کا ذریعہ تعلیم وتدریس عربی زبان میں ہوگا۔ البتہ تناظرات تعلیم، نظم ونسق مدرسہ، تعلیمی نفسیات ونصاب، جائزہ رہنمائی وتحقیق اور اسلام، پاکستان اور جدید دنیا کے مضامین کا ذریعہ تعلیم وتدریس ابتدائی مراحل میں اُردو ہوگا اور پھر بتدریج عربی زبان میں عربی کورسز کو دوسرے سمسٹر میں پیش کر کے عملی ورکشاپ کے ساتھ دوسرا مرحلہ شروع کیا جائے گا۔ اس پروگرام میں خصوصاً عربی زبان کی تدریس کے جدید اصولوں کو سامنے رکھتے ہوئے اساتذہ کی تربیت کا اہتمام کیا گیا ہے۔ اس کورس میں چاروں مہارتیں یعنی استماع کلام قراءت، کتابت کے علاوہ اصوات پر زور دیا گیا ہے۔ نیز عربی پڑھانے کے تمام جدید طریقوں اور رجحانات کو شامل نصاب کیا گیا ہے۔

## 4.1- بی ایڈ (عربی) میں داخلہ کے لئے شرائط

جو اُمیدوار بی ایڈ (عربی) میں داخلے کے خواہش مند ہوں وہ یونیورسٹی کے بی ایڈ عربی کے لیے مجوزہ فارم پر داخلہ کے لیے درخواست دیں۔ داخلہ کی شرائط مندرجہ ذیل ہیں۔

امیدوار کسی ایک کا حامل ہو:

1- بی۔اے (سیکنڈ ڈویژن) مع عربی اختیاری (200 نمبر یا AIOU کا بی اے عربی کورس 408)
2- بی اے (سیکنڈ ڈویژن) مع فاضل عربی
3- ہائر ایجوکیشن کمیشن (HEC) سے منظور شدہ کسی وفاق/ دینی ادارے سے شہادۃ ''العالمیۃ'' مع بی اے کی سطح پر انگریزی، اسلامیات لازمی اور مطالعہ پاکستان کے مضامین پاس کیے ہوئے ہوں۔

نوٹ: علاوہ ازیں امیدوار نے لازمی طور پر عربی اساتذہ کے لیے تربیتی کورس (ATTC) یا او ٹی (O.T) پاس کیا ہو۔

## 4.2۔ ہائر ایجوکیشن کمیشن کی جانب سے منظور شدہ وفاقات اور جامعات

1. وفاق المدارس العربیۃ، ملتان
2. تنظیم المدارس العربیۃ، لاہور
3. وفاق المدارس السلفیۃ، فیصل آباد
4. وفاق المدارس الشیعۃ
5. جامعۃ التعلیمات الاسلامیۃ، فیصل آباد
6. جامعہ اشرفیہ، لاہور
7. دار العلوم المحمدیۃ، بھیرہ
8. دار العلوم، کراچی
9. رابطۃ المدارس الاسلامیۃ، لاہور
10. جامعہ منہاج القرآن، لاہور

(نوٹ: مندرجہ بالا وفاقات کے علاوہ دیگر اداروں سے فارغ التحصیل طلبہ وطالبات کو AIOU میں ہرگز داخلہ نہیں دیا جا سکتا)

## 4.3۔ بی ایڈ (عربی) پروگرام کے سمسٹرز اور کورسز

بی ایڈ (عربی) پروگرام ایک سال کے عرصے پر محیط ہے اور خزاں میں پیش ہوگا یہ مندرجہ ذیل دو سمسٹرز پر مشتمل ہوگا۔ سمسٹرز/کورسز مندرجہ ذیل ترتیب کے مطابق پیش کئے جائیں گے۔

### پہلا سمسٹر: خزاں (اگست)

| نمبر شمار | مضمون | کریڈٹ | کوڈ نمبر |
|---|---|---|---|
| 1 | نظم و نسق مدرسہ | نصف | 2601 |
| 2 | جائزہ رہنمائی اور تحقیق | نصف | 2602 |
| 3 | تعلیمی نفسیات اور نصاب | نصف | 2603 |
| 4 | انگریزی لازمی | نصف | 651 |
| 5 | تناظراتِ تعلیم | نصف | 2600 |
| 6 | اسلام، پاکستان اور جدید دنیا | نصف | 2604 |

### دوسرا سمسٹر: بہار (فروری)

| نمبر شمار | مضمون | کریڈٹ | کوڈ نمبر |
|---|---|---|---|
| 1 | تدریس اللغۃ العربیہ | مکمل | 2606 |
| 2 | اللغویات | مکمل | 2607 |
| 3 | عملی ورکشاپ | مکمل | 2608 |

دوسرے سمسٹر کی داخلہ فیس کمپیوٹرائز فارم کے مطابق جمع کروائیں۔

بی ایڈ (عربی) پروگرام کی درس و تدریس سے متعلق معلومات کے لیے رابطہ کریں۔

ڈاکٹر شہناز ظہیر
انچارج شعبہ عربی، AIOU
051-9057803, 051-9057274
رابطہ کار: بی ایڈ عربی پروگرام

## 4.4۔ عملی تربیت (ورکشاپ) کوڈ نمبر 2608 کی تفصیل

عملی تربیت تین حصوں یعنی تدریسی سیشن، تدریسی مشق اور فائنل اسباق پر مشتمل ہے اس کا ایک کریڈٹ شمار ہوتا ہے۔ بی ایڈ کی ڈگری کے حصول کے لیے عملی تربیت میں شرکت اور پاس ہونا لازمی ہے۔ عملی تربیت طالب علم کے ان دو اختیاری مضامین سے متعلق ہوتی ہے جو اس نے دوسرے سمسٹر میں منتخب کیے ہوں، عربی زبان کے کورسز سے متعلق دو ہفتے کی تربیتی ورکشاپ میں 100% حاضری لازمی ہے۔

### (i) تدریسی دورانیہ (تدریسی سیشنز)

دو اختیاری مضامین کا تھیوری کا حصہ مکمل ہونے پر طالب علم کو دو ہفتے کے تدریسی دورانیہ میں شمولیت کرنا ہوتی ہے جس کا اہتمام علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے علاقائی ناظم اور مضمون کے ٹیوٹر مل کر کریں گے۔ اس کا انعقاد صرف کسی مرکزی مقام پر ہوگا سفر کے اخراجات اور قیام و طعام کا بندوبست طلبہ کی اپنی ذمہ داری ہوگی۔

تدریسی دورانیے میں عموماً درج ذیل امور کی طرف خاص توجہ دی جاتی ہے۔

1- نمونے کے اسباق کا مشاہدہ، تجزیہ اور تنقید۔
2- مشقی اسباق تیار کرنا، سبقی اشارے لکھنا۔
3- مائیکرو تدریس کے ذریعہ پڑھانے کی تکنیکوں کی مشق۔
4- تدریسی مواد کی تیاری۔
5- اختیاری مضامین میں پرچہ جات کی تیاری۔
6- مجموعی ریکارڈ کی تیاری۔
7- لائبریری کا استعمال۔
8- اختیاری مضامین کی نوعیت کے لحاظ سے عملی کام اور تجربات
9- طلبہ کے تعلیمی، تدریسی اور شخصی مسائل کا تجزیہ
10- رہنمائی و مشاورت

11- سکول ریکارڈ سے متعلق رجسٹروں کی تکمیل

12- اوقات نامہ کی تیاری

## (ii) تدریسی مشق/عملی کام

چار ہفتوں کی تدریسی مشق بھی عملی تربیت کا لازمی حصہ ہے۔ اس مشق کے دوران مقررہ اوقات میں ہر طالب علم کو اپنے دو اختیاری مضامین میں 40 اسباق پڑھانا ہوں گے۔ تدریسی مشق علاقے کے ثانوی سکول کے تعاون سے کروائی جائے گی۔ شریک ہونے والے طلبہ ضروری قواعد کے پابند ہوں گے۔ علاقائی دفاتر/ ٹیوٹر طلبہ کو ورکشاپ اور تدریسی مشق کے مفصل پروگرام سے مطلع کریں گے۔ مختلف سکولوں میں کام کرنے والے حاضر ملازمت اساتذہ اپنی ذمہ داری اور اپنے اخراجات پر تدریسی مشق میں شرکت کریں گے۔

## (iii) عملی امتحان/ آخری اسباق

عملی ورکشاپ اور تدریسی مشق کے عملی امتحان کا انعقاد تدریسی مشق کے اختتام پر ہوگا۔ امتحان کے دوران ہر طالب علم کو نمونے کے دو اسباق اپنے اختیاری مضامین میں سے پڑھانے ہوں گے۔ اسباق کا جائزہ امتحانی ٹیم لے گی۔ ان دو اسباق میں سے ہر ایک کے 25 نمبر ہیں۔ پاس ہونے کے لیے ہر طالب علم کو ہر سبق میں سے الگ الگ 10,10 نمبر حاصل کرنا ہوتے ہیں۔ عملی امتحان میں پاس ہونے کے لیے 40 فیصد نمبر حاصل کرنا ضروری ہیں۔ نمبروں کی تفصیل درج ذیل ہے۔

| ورکشاپ کے اجزاء | | نمبروں کی تفصیل |
|---|---|---|
| تدریسی دورانیہ | ........................ | 25 نمبر |
| تدریسی مشق/عملی کام | ........................ | 25 نمبر |
| آخری دو اسباق | ........................ | 50=25+25 نمبر |
| کل نمبر | ........................ | 100 نمبر |

## نوٹ:

1- ہر کورس کے اختتام پر امتحان ہوگا جس میں کامیابی کے لیے 40 فیصد نمبر حاصل کرنا ضروری ہے لیکن بی ایڈ ڈگری کے حصول کے لیے تدریسی دورانیے، تدریسی مشق، امتحانی مشقوں اور آخری امتحان میں مجموعی طور پر 40 فیصد نمبر حاصل کرنا ہوتے ہیں۔

2- امتحانی مشقوں، آخری امتحان تدریسی دورانیے و تدریسی مشق اور آخری دو اسباق (ان چاروں حصوں) میں الگ الگ پاس ہونا ضروری ہے۔ اگر کوئی طالب علم کورسوں میں پاس ہے لیکن عملی تربیت کے کسی حصے میں فیل ہے تو وہ صرف عملی تربیت کے اس حصہ کا دو دفعہ امتحان دوبارہ دے سکتا ہے۔

3- جو طالب علم عملی تربیت کا امتحان/ آخری دو اسباق میں فیل ہے تو وہ صرف آخری اسباق میں فیل تصور ہوگا اور وہ مسلسل دو چانس میں دوبارہ امتحان دے سکتا ہے۔

4- جو طالب علم مذکورہ بالا تینوں حصوں یا کسی ایک حصہ میں تین بار فیل ہوگا تو اسے اس کورس میں داخلہ کے اعلان کے مطابق دوبارہ داخلہ لینا ہوگا۔

5- بی ایڈ ڈگری کے حصول کے لیے طالب علم کو گریجویشن کی ڈگری کی تصدیق شدہ کاپی پیش کرنا ہوگی۔

## 5- ضروری ہدایات

1- داخلہ فارم کے تمام کالم پُر کریں۔

2- داخلہ فارم کی فوٹو کاپی، خراب یا کٹا پھٹا فارم قابل قبول نہ ہوگا۔

3- یونیورسٹی اور بورڈ سے جاری شدہ اسناد/ مارکس شیٹ کی تصدیق شدہ واضح فوٹو کاپیاں داخلہ فارم کے ساتھ منسلک کریں۔ اسناد کی تصدیق کسی مجاز (Gazzetted) آفیسر کی ہونی چاہیے اور مہر (سٹمپ) پر تصدیق کنندہ کا نام اور عہدہ واضح ہو۔

4- فیس/ داخلہ فارم بذریعہ بینک وصول کی جائے گی جس کا طریقہ کار الگ سے وضع کر دیا گیا ہے۔

5- فیس کی ادائیگی بذریعہ منی آرڈر، پوسٹل آرڈر، ڈیپازٹ سلپ/ چیک یا بینک ڈرافٹ قابل قبول نہ ہوگی۔

6- کتب کی ترسیل کے بعد طالب علم کا نہ داخلہ منسوخ ہوگا اور نہ ہی فیس واپس ہوگی۔

7- اس پراسپیکٹس کے آخر میں بی ایڈ سرٹیفکیٹ/ ڈگری کے حصول کے لیے ایک فارم دیا گیا ہے۔ پروگرام کی کامیاب تکمیل کے بعد طالبعلم یہ فارم پُر کر کے کنٹرولر امتحانات کو سرٹیفکیٹ کے اجراء کے لیے روانہ کرے۔

8- داخلہ کے آغاز سے لے کر سرٹیفکیٹ / ڈگری کے اجراء تک کسی مرحلہ پر کسی بدعنوانی کے ارتکاب یا کسی شرط کے سہواً یا عمداً نظر انداز کر دینے یا ہو جانے پر متعلقہ طالب علم کا داخلہ منسوخ اور فیس ضبط کی جا سکتی ہے اور سرٹیفکیٹ اور ڈگری بھی جاری نہیں کی جائے گی۔

9- دورانِ سمسٹر کسی کورس یا پتہ کی تبدیلی بہت پیچیدہ اور مشکل عمل ہے لہٰذا فارم پُر کرتے وقت پوری سوچ بچار سے کورسز اور پتہ تحریر کریں۔ مخصوص حالات کے پیش نظر صرف پہلی امتحانی مشق کے ٹیوٹر کے پاس جمع کروانے سے پہلے تبدیلی کورس کی فیس فی کورس مزید جمع کروانے کی صورت میں صرف کورس کی تبدیلی ممکن ہے۔

10- ایک وقت میں دو مختلف پروگراموں میں داخلہ نہیں لیا جا سکتا۔ ایسی صورت میں یونیورسٹی قواعد کے مطابق نئے پروگرام کا داخلہ منسوخ اور فیس ضبط کرنے کی مجاز ہوگی۔

11- داخلہ فارم پُر کرتے وقت اپنا نام/ ولدیت انگریزی میں میٹرک کی سند کے مطابق درج کریں۔

12- داخلہ فارم پر کسی لفظ کو کاٹ کر مشکوک نہ بنائیں ورنہ داخلہ قابلِ قبول نہ ہوگا۔

13- مندرجہ بالا ہدایات نظر انداز کرنے یا ہونے کی صورت میں داخلہ نہیں ہوگا۔ یا داخلہ ہو جانے کی صورت میں داخلہ منسوخ اور فیس بحق یونیورسٹی ضبط کر لی جائے گی۔ نیز سرٹیفکیٹ یا ڈگری کا اجراء نہیں ہوگا۔

14- یونیورسٹی کا استحقاق ہے کہ ناگزیر وجوہات کی بنا پر انتظامی امور میں حسب ضرورت تبدیلی کر سکتی ہے۔ داخلہ عارضی طور پر دیا جائے گا۔ کسی خاص مرکز میں طلبہ کی مطلوبہ تعداد نہ ہونے کی صورت میں یونیورسٹی داخلہ منسوخ کر سکتی ہے۔

15- تمام علاقوں کے رہنے والے طلبا و طالبات اپنی حالیہ تصویر فارم کے متعلقہ کالم میں چسپاں کرنا نہ بھولیں۔ فارم کے ساتھ تصویر ارسال کرنا لازمی ہے۔

16- آگاہ رہیں کہ کسی نجی ادارے یا فرد کو اختیار حاصل نہیں ہے کہ وہ یونیورسٹی کی طرف سے داخلہ فارم یا فیس وصول کریں۔ داخلہ فارم صرف نامزد بینک میں فیس کے ساتھ بذاتِ خود جمع کروائیں۔ فیس یا فارم میں بدعنوانی کی صورت میں یونیورسٹی اس کی ذمہ دار نہ ہوگی اور طالب علم کے خلاف تادیبی کارروائی بھی کی جا سکتی ہے۔

## 6- طریقہ امتحان

کورس کے دوران جائزے کے لیے امتحانی مشقیں مکمل کرائی جاتی ہیں۔ کورس کے اختتام پر ایک تحریری امتحان ہوتا ہے۔ تربیت اساتذہ کے پروگراموں میں عملی تربیت (ورکشاپ) میں کامیاب ہونا لازمی ہے۔ امتحانی مشقوں، عملی تربیت اور آخری امتحان میں الگ الگ پاس ہونا لازمی ہے۔

امتحانی مشقوں اور ان اجزاء کے نمبروں کو مرتب کیا جاتا ہے۔ تینوں اجزاء میں کامیابی کے لیے کم از کم نمبر مندرجہ ذیل ہیں۔

| | |
|---|---|
| عملی ورکشاپ اور تدریسی مشق اور فائنل اسباق | 40 فیصد |
| امتحانی مشقیں | 40 فیصد |
| آخری تحریری امتحان | 40 فیصد |
| کورس میں کامیابی کے لیے کم از کم مجموعی نمبر | 40 فیصد |

امتحانی مشقوں میں فیل ہونے کی صورت میں دوبارہ داخلہ لینا ہوگا۔ اگر طالب علم صرف آخری امتحان میں فیل ہو یا اس کی مجموعی نمبر 40 فیصد نہ بنتے ہوں تو اسے آئندہ مسلسل (Continuous) دو امتحانوں میں دوبارہ صرف آخری امتحان دینے کی اجازت ہوتی ہے۔

## 7- امتحانی مشقیں

ہر مکمل کورس کی چار امتحانی مشقیں اور ہر نصف کورس کی دو امتحانی مشقیں ہوتی ہیں اور سمسٹر کے اختتام پر ایک تحریری امتحان ہوتا ہے۔ تحریری امتحان اور تمام امتحانی مشقوں میں الگ الگ کامیاب ہونا ضروری ہے مشقوں کی تعداد، امتحان اور ان کے نمبروں کی تفصیل اس طرح ہے۔

| | |
|---|---|
| مکمل کریڈٹ کورس کی امتحانی مشقیں | 4 |
| نصف کریڈٹ کورس کی امتحانی مشقیں | 2 |
| ہر امتحانی مشق کے کل نمبر | 100 |
| امتحانی مشق پاس کرنے کے لیے کم از کم نمبر | 40 |
| آخری امتحان کے لیے کل نمبر | 100 |
| آخری امتحان میں کامیابی کے لیے کم از کم نمبر | 40 |
| امتحانی مشق اور تحریری امتحان کے نمبروں میں تناسب | 70:30 |

## 8- فیس

### پہلے سمسٹر کی ٹوٹل فیس

غیر رجسٹرڈ طلباء کے لیے: 5790/- روپے

پہلے سے کسی پروگرام میں رجسٹرڈ طلباء کے لیے: 5590/- روپے

(بی ایڈ کی سطح کے کورسز کی فیس کے متعلق تفصیل درج ذیل ہے)

| | |
|---|---|
| فی نصف کریڈٹ کورس | 815/- روپے |
| فی مکمل کریڈٹ کورس | 1610/- روپے |
| عملی ورکشاپ (صرف ورکشاپ کے لیے) | 2350/- روپے |
| رجسٹریشن فیس (صرف پہلی بار داخلہ لینے والے طالب علموں کے لیے) | 200/- روپے |
| داخلہ فیس (پہلے سمسٹر کے داخلہ کے ساتھ) | 600/- روپے |
| ٹیکنالوجی فیس | 100/- روپے |

نوٹ:

1- یونیورسٹی کو پروگرام کے دوران اور ڈگری کے اجراء سے قبل واجبات کی شرح میں کسی بھی وقت تبدیلی کرنے کا پورا اختیار حاصل ہے۔

2- ایک سمسٹر کے دوران ایک سے زیادہ پروگراموں میں داخلہ لینے کی صورت میں یونیورسٹی ان پروگراموں میں داخلہ منسوخ کرنے اور فیس ضبط کرنے کی مجاز ہے۔

# 9- فیس اور داخلہ فارم جمع کرانے کا طریقہ کار:

یونیورسٹی نے طلباء کی سہولت کو مدنظر رکھتے ہوئے درج ذیل بینکوں سے باضابطہ معاہدہ کیا ہے۔جس کی رو سے طلباء داخلہ فارم اور اُس کے ساتھ منسلک کردہ چالان فارم مکمل کر کے فیس اور داخلہ فارم بمعہ مطلوبہ کاغذات **فرسٹ ویمن بینک لمیٹڈ۔الائیڈ بینک لمیٹڈ۔بینک الفلاح لمیٹڈ** اور **ایم سی بی بینک** کی کسی بھی برانچ میں اور ان کے علاوہ **نیشنل بینک آف پاکستان** کی صرف نامزد برانچوں میں سے کسی ایک بینک برانچ میں جمع کرا سکتے ہیں۔

**داخلہ فیس کے علاوہ درج ذیل پوسٹل چارجز طلباء کو الگ سے بینک کو ادا کرنا ہوں گے۔**

| | | |
|---|---|---|
| **فرسٹ ویمن بینک لمیٹڈ** | (تمام برانچیں) | -/35 روپے فی داخلہ فارم/ بینک چالان |
| **الائیڈ بینک لمیٹڈ** | (تمام برانچیں) | -/25 روپے فی داخلہ فارم/ بینک چالان |
| **بینک الفلاح لمیٹڈ** | (تمام برانچیں) | -/25 روپے فی داخلہ فارم/ بینک چالان |
| **ایم سی بی بینک لمیٹڈ** | (تمام برانچیں) | -/10 روپے فی داخلہ فارم/بینک چالان |
| **نیشنل بینک پاکستان** | (صرف نامزد برانچیں) | -/35 روپے فی داخلہ فارم/ بینک چالان |
| **نیشنل بینک پاکستان** | (AIOU مین کیمپس) | -/20 روپے فی داخلہ فارم/بینک چالان |

**نوٹ**: داخلہ فیس صرف مذکورہ بالا طریقے سے ادا کی جائے کسی دوسرے ذریعہ یا کسی شخص کو دی جانے والی فیس کی رقم کے لئے یونیورسٹی ہرگز ذمہ دار نہ ہوگی۔

# 10- فیس واپسی کے قواعد وضوابط

1- وہ طلبہ جنہوں نے فارم اور فیس جمع کروائی ہے مگر داخلہ کے خواہش مند نہیں ہیں، کتب کی ترسیل سے پہلے داخلہ فیس کی واپسی کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔ان کو فیس 10% کٹوتی کے بعد واپس کی جائے گی۔

2- ایسے طلبہ جو داخلے کے اہل نہیں ہیں لیکن پھر بھی درخواست دے دیتے ہیں ان کی جمع کرائی گئی فیس میں سے 25% کٹوتی کر کے واپس کی جائے گی۔

3- جو طلبہ زائد فیس جمع کرواتے ہیں ان کی فیس درخواست وصول ہونے پر ایک سال کے دوران واپس کی جائے گی یا اگلے سمسٹر میں (Adjust) کی جائے گی۔

4- فیس واپسی کا عمل داخلے مکمل ہونے پر طلباء/ طالبات سے اصل رسید نمبر 4 موصول ہونے پر کیا جائے گا۔

# 11- اہم شعبوں کے پتہ جات

عزیز طالب علم اگر آپ کو اپنے تعلیمی پروگرام کے دوران کوئی الجھن یا مسئلہ درپیش ہو تو بہتر یہی ہے کہ آپ اپنا قیمتی وقت بچانے کے لیے براہ راست متعلقہ شعبے سے ہی رابطہ کریں۔آپ کی رہنمائی کے لیے ضروری شعبوں کے فرائض وخدمات اور ان سے رابطے کے لیے معلومات دی جا رہی ہیں۔

## (الف) شعبہ خازن، رسید سیکشن:

اگر آپ کو فیس جمع کروانے میں کوئی مشکل پیش آئے یا کسی بینک کی نامزد برانچ سے کسی قسم کی شکایت ہو تو آپ

(i) شعبہ خازن، رسید سیکشن، بلاک نمبر 1، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی فون نمبر: 051-9057130, 051-9057135 یا

(ii) شعبہء خازن، کمرہ نمبر 112، بلاک نمبر 2، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد فون نمبر: 051-9057121 پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

## (ب) شعبہ داخلہ:

☆ علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی میں سال میں دو بار داخلے ہوتے ہیں۔
☆ عام طور پر سمسٹر بہار کے لیے یکم فروری سے اور سمسٹر خزاں کے لیے یکم اگست سے داخلے شروع ہوتے ہیں۔
☆ شعبہ داخلہ نہ صرف آپ کو داخلہ فارم مہیا کرتا ہے بلکہ داخلہ فارموں کی جانچ پڑتال کے بعد رجسٹریشن کارڈ بھی جاری کرتا ہے۔ اگر آپ کو

(i) رجسٹریشن کارڈ نہ ملے،
(ii) کورس یا ڈاک کا پتہ تبدیل کرنا ہو۔
(iii) نام درست کرنا ہو

تو آپ ان سے متعلق معلومات بذریعہ خط یا بذریعہ ٹیلی فون شعبہ داخلہ سے حاصل کر سکتے ہیں۔

ڈائریکٹر شعبہ داخلہ، بلاک نمبر 4 علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد

فون نمبر: 051-9057760, 051-9057428, 051-9057426

## (ج) شعبہ ترسیل وحصول کتب:

عام طور پر سمسٹر بہار کے لیے کتابوں کی ترسیل مئی اور جون کے مہینوں میں جب کہ سمسٹر خزاں کے لیے کتابوں کی ترسیل اکتوبر اور نومبر کے مہینوں میں کی جاتی ہے۔

اگر آپ کو

☆ وقت پر کتابیں، امتحانی مشقیں اور ریڈیو/ ٹیلی ویژن پروگرام کا شیڈول نہ ملے یا
☆ غلط کتابیں، امتحانی مشقیں وغیرہ موصول ہوئی ہوں

تو آپ ذیل کے پتہ پر رابطہ کر سکتے ہیں:۔

شعبہ مراسلاتی خدمات، ترسیل وحصول کتب، بلاک نمبر 28
علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد
فون نمبر: 051-9057611, 051-9250185، 051-9057612
051-9057282, 051-9057281

## (د) ڈائریکٹر ریجنل سروسز، اسلام آباد:

علاقائی ناظمین آپ کو ٹیوٹر مطالعاتی مرکز کا پتہ اور مطالعاتی اجتماعات کا نظام الاوقات اپنے علاقائی دفاتر سے ارسال کرتے ہیں۔ اگر آپ کو یہ معلومات حاصل نہ ہوں تو آپ اپنے علاقائی دفتر کے علاوہ ڈائریکٹر ریجنل سروسز، بلاک نمبر 2 علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

فون نمبر: 051-9250036, 051-9057204، 051-9057217

## (ہ) شعبہ امتحانات:

عزیز طلباء! شعبہ امتحانات آپ کے لیے امتحانی مراکز کا انتخاب کرتا ہے، ڈیٹ شیٹ اور رول نمبر جاری کرنے کے علاوہ امتحانی پرچوں کی جانچ کے بعد نتائج آپ تک پہنچاتا ہے۔ اگر آپ کو امتحانات کے بارے میں کسی قسم کی معلومات درکار ہوں، نتیجہ معلوم کرنا ہو، نتیجے میں درستگی، رول نمبر سلپ یا سند وغیرہ حاصل کرنا ہو تو برائے مہربانی شعبہ امتحانات سے درج ذیل پتے پر رابطہ کریں۔

کنٹرولر امتحانات، شعبہ امتحانات، بلاک نمبر 3،
علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد
فون نمبر: 9057328, 9057319, 9057323, 051-9057310

(و) سٹوڈنٹس ایڈوائزری اینڈ کونسلنگ سروسز:

عزیز طالب علم آپ کا تعلق پاکستان کے کسی بھی علاقے سے ہو اور آپ علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے طالب علم ہوں یا نہ ہوں لیکن آپ یونیورسٹی کے کسی بھی تعلیمی پروگرام کے بارے میں معلومات یا مشورہ حاصل کرنا چاہتے ہوں تو درج ذیل پتہ پر رابطہ کریں۔

ڈائریکٹر سٹوڈنٹس ایڈوائزری اینڈ کونسلنگ سروسز،
گیٹ وے بلاک نمبر 25، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد
فون نمبر: 0519057147, 051-9057813, 051-9057812

(ز) شعبہ سائنس ایجوکیشن:

عزیز طالب علم! سائنس کے مضامین کا انتخاب کرنے یا ان مضامین کی امتحانی مشقیں حل کرنے میں کوئی مشکل پیش آ رہی ہو تو آپ شعبہ سائنس ایجوکیشن، بلاک نمبر 10 علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد سے رابطہ کر سکتے ہیں۔
فون نمبر: 051-9250080, 051-9057851

(ح) شعبہ عربی زبان و ادب

تدریس عربی زبان کی کتب اور امتحانی مشقوں سے متعلق اگر آپ کو کوئی مسئلہ پیش آ رہا ہو تو آپ شعبہ عربی زبان و ادب بلاک نمبر 12، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

فون نمبر: 051-9057169, 051-9057274,
051-9057803, 051-9250085

(ط) شعبہ ارلی چائلڈ ہڈ ایجوکیشن اینڈ ایلیمنٹری ٹیچر ایجوکیشن:

عزیز طالب علم! اگر آپ کو بی ایڈ جنرل پروگرام کی درسی کتب یا امتحانی مشقوں میں کوئی غلطی نظر آئے یا کوئی ایسا سوال جسے آپ کا ٹیوٹر اور متعلقہ علاقائی دفتر کا عملہ حل نہ کر سکے تو آپ شعبہ ارلی چائلڈ ہڈ ایجوکیشن اینڈ ایلیمنٹری ٹیچر ایجوکیشن، بلاک نمبر 5 علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد رابطہ کر سکتے ہیں۔
فون نمبر: 051-9057268, 051-9057703, 051-9057718,
051-9057719

## 12- عمومی معلومات

### اہم نکات

i) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے جاری کردہ سرٹیفکیٹ/ ڈگریاں دیگر منظور شدہ یونیورسٹیوں اور بورڈز کے مساوی ہیں۔

ii) امیدوار ہر لحاظ سے مکمل داخلہ فارم تصدیق شدہ تعلیمی اسناد کے ہمراہ پراسپیکٹس میں دی گئی ہدایات کے مطابق ارسال کریں۔

iii) سیکنڈری/ ہائر سیکنڈری میں انگریزی فیل یا بغیر انگریزی، اسلامیات لازمی اور مطالعہ پاکستان کے طلباء و طالبات کسی پروگرام میں داخلہ کے اہل نہ ہوں گے۔

iv) بہار اور خزاں سمسٹر کے داخلے عموماً فروری اور اگست میں شروع ہوتے ہیں جاری طلبہ کو کمپیوٹرائزڈ داخلہ فارم انہی مہینوں میں ارسال کیے جاتے ہیں تاہم اگر کسی وجہ سے طالب علم کو یہ فارم مہینہ کے تیسرے ہفتے تک موصول نہ ہو تو وہ یونیورسٹی یا اس کے کسی

بھی علاقائی دفتر سے ازخود عام داخلہ فارم حاصل کر کے یونیورسٹی کو بھیج کر اپنی تعلیم کو جاری رکھ سکتا ہے۔

(v بہار اور خزاں سمسٹر کے فائنل امتحانات عمومی طور پر بالترتیب نومبر اور مئی کے پہلے ہفتہ میں شروع ہوتے ہیں۔ طالب علم اس کو اچھی طرح سے ذہن نشین کر لیں۔

(vi ایک بار فیس جمع ہو جانے کی صورت میں نہ تو واپس ہو گی اور نہ ہی کسی دوسرے پروگرام میں ایڈجسٹ کی جائے گی۔

(vii رجسٹریشن فیس جمع کروانے کے بعد ہر طالب علم کو رجسٹریشن نمبر جاری کیا جائے گا۔ یہ رجسٹریشن نمبر مع رول نمبر کورس کوڈ اور سمسٹر کا حوالہ یونیورسٹی کے ساتھ ہونے والی خط و کتابت میں دیا جانا ضروری ہے۔

(viii درسی مواد طالب علم کو اس کے دیئے گئے ڈاک کے پتہ پر ارسال کیا جائے گا۔

(ix درسی مواد موصول ہونے کے تقریباً پندرہ دن کے اندر ہر کورس کے لیے نامزد کیے گئے ٹیوٹر کے بارے میں اطلاع دی جائے گی اگر آپ کو ٹیوٹر کے بارے میں کوئی اطلاع نہیں ملتی تو آپ اپنی امتحانی مشقیں بلاتاخیر بذریعہ رجسٹرڈ ڈاک متعلقہ ریجنل ڈائریکٹر کو بھجوا دیں۔

(x یونیورسٹی کے افسران مجاز یونیورسٹی کے قواعد وضوابط میں وقتاً فوقتاً جو تبدیلیاں لاتے ہیں طلبہ پر ان کی پابندی لازم ہے۔

(xi امتحانی مشقوں میں فیل ہو جانے کی صورت میں طالب علم کو متعلقہ سمسٹر کے آنے پر دوبارہ داخلہ لینا ہو گا اور نئے سرے سے امتحانی مشقیں حل کرنا ہوں گی۔

(xii طالب علم کی یہ ذمہ داری ہے کہ کسی کورس میں داخلہ لینے کے بعد متعلقہ شعبے کے ساتھ رابطہ رکھے۔ داخلہ فیس جمع کرانے کے لیے تین ماہ تک کتابیں نہ ملنے کی صورت میں شعبہ داخلہ سے رجوع کریں۔ بعد میں یونیورسٹی ذمہ دار نہیں ہو گی۔

(xiii پہلے سے داخل شدہ یا کسی پروگرام میں سپیشلائزیشن (تخصیص) کی صورت میں طالب علم کو اس بات کی اجازت نہیں ہو گی کہ وہ کسی دوسرے پروگرام میں داخلہ لے یا ایک پروگرام سے دوسرے پروگرام میں جانے کی اجازت نہیں دی جائے گی بشرطیکہ وہ اپنے پہلے پروگرام کا داخلہ منسوخ کرا دے یا مکمل کر لے۔

(xiv ایک پروگرام کی کامیاب تکمیل کے بعد طالب علم کنٹرولر امتحانات کو سرٹیفکیٹ / ڈگری کے لئے درخواست دے گا۔

(xv یونیورسٹی اپنی پالیسی کے مطابق پراسپیکٹس میں دیئے گئے مندرجات کو کسی پیشگی اطلاع کے بغیر تبدیل کرنے کا استحقاق رکھتی ہے۔

(xvi شعبہ اسٹوڈنٹ افیئرز، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسٹوڈنٹ سپورٹ فنڈ کے ذریعے محدود مالی وسائل کے حامل طلباء و طالبات کو تعلیمی سہولتیں فراہم کر رہا ہے۔ اس سلسلے میں علاقائی دفاتر کے ذریعے طلبہ کی ایک بڑی تعداد کو مالی معاونت کی سہولت دی جا رہی ہے۔ مستحق طلبہ کو ہدایت کی جاتی ہے کہ اس سکیم سے فائدہ اٹھانے کے لیے اپنے متعلقہ علاقائی دفاتر سے مجوزہ فارم حاصل کر کے مقررہ تاریخ کے اندر جمع کروائیں۔ مزید معلومات کے لیے اپنے علاقائی دفاتر سے رابطہ کریں۔

(xvii) دینی مدارس سے جاری شدہ بی اے کی اسناد کے مساوی HEC کی طرف سے جاری کردہ Equivalance سرٹیفکیٹ/ داخلہ فارم کے ساتھ لف کرنا ضروری ہے۔

(xviii) یونیورسٹی کی طرف سے جاری کردہ بی اے/ بی ایس سی کے سمسٹر وائز رزلٹ کارڈز پر داخلہ ممکن نہیں۔